PARIM-II
RAISING AWARENESS
on migration in Pakistan

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# پاکستان میں مقیم افغان شہریوں کے لئے
# محفوظ اور باخبر ہجرت سے متعلق رہنمائی



## وقار کے ساتھ جینے کا حق

محفوظ اور باخبر ہجرت افراد یا گروہوں کو ایک ملک یا علاقے سے دوسرے ملک یا علاقے میں ہجرت کرنے کے عمل اوران کی سلامتی، وقار اور انسانی حقوق کو اولین ترجیح دینے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

# کیا پاکستان میں مقیم ایک افغان شہری پی او آر کارڈ کی بنیاد پر دوسرے ملک کا سفر کر سکتا ہے؟

(پی او آر کارڈ سفری دستاویز نہیں ہے اور یہ آپ کو بین الاقوامی سرحدیں بشمول پاکستان اور افغانستان عبور کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔)

## ہوشیار رہیں!

بغیر ویزا، ورک پرمٹ یا دیگر قانونی دستاویزات کے سفر کرنا یا سرحدیں عبور کرنا ایک غیردانشمندانہ فیصلہ اور غیر قانونی عمل ہے۔ اگر آپ کے پاس بیرون ملک سفر کے لئے متعلقہ تمام قانونی دستاویزات نہیں ہیں تو آپ خود کو بڑے خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ اگر آپ کسی ملک میں داخل ہونے کے لئے ویزا یا قانونی دستاویزات کے بغیر سرحد عبور کرتے ہیں تو آپ قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ جو کہ ایک سنگین جرم ہے۔

## انسانی اسمگلروں اور دھوکہ دینے والوں سے ہوشیار رہیں

جرائم پیشہ گروہ یا سہولت کار/ایجنٹ ایسے لوگ ہیں جو غیر قانونی طریقے سے سفر کرنے کا فیصلہ کرنے والوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اگر آپ ایسے ایجنٹوں یا درمیانی افراد سے مدد لیتے ہیں جو بیرون ملک جانے کے لئے معلومات، خدمات اور دستاویزات فروخت کرتے ہیں، تو آپ نہ صرف قرض میں ڈوب سکتے ہیں بلکہ آپ کو انتہائی سخت حالات کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ مزید یہ کہ آپ کو جسمانی تشدد یا جنسی استحصال جیسے خطرناک حالات کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

جرائم پیشہ گروہ یا سہولت کار افراد آپ کو بیرون ملک ملازمت یا کسی اور شاندار موقع کا وعدہ بھی کر سکتے ہیں۔ اگر یہ موقع حقیقت سے برعکس لگتا ہے، تو شاید یہ سچ نہ ہو۔ تارکین وطن اور پناہ گزین خاص طور پر اسمگلروں کے نشانے پر ہوتے ہیں، جو ایک ایسا سنگین جرم ہے جس میں عورتوں، بچوں اور مردوں کو مختلف مقاصد کے لیے، جیسے جبری مشقت اور جنسی استحصال کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## محتاط رہیں!

یہ جرائم پیشہ گروہ آپ سے سفر کے لئے بھاری رقم کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور آپ کو بیرون ملک سفر کے دوران جان لیوا خطرات میں ڈال سکتے ہیں۔ مزید برآں، اس بات کا امکان بھی ہے کہ آپ اپنی مطلوبہ منزل تک نہ پہنچ سکیں۔ اور اپنے مال و جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔

## دیگر حالات جو آپ کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں

اگر آپ کسی ملک میں قانونی طور پر داخل بھی ہو جائیں، تب بھی ویزا یا ورک پرمٹ کی مدت ختم ہونے کے بعد قیام آپ کو غیر قانونی تارکین وطن بنا دیتا ہے۔ یاد رکھیں کہ مناسب دستاویزات یا قانونی اجازت کے بغیر آپ کسی غیر ملک میں ایک غیر مستحکم حالت میں رہیں گے۔ بغیر قانونی اجازت ناموں کے، غیر ملکی حکام آپ کو ملک بدر کر کے واپس افغانستان بھیج دیں گے۔

## محفوظ رہیں!

اگر آپ کام، تعلیم یا بیرون ملک اپنے خاندان کے ساتھ شامل ہونے کی غرض سے پاکستان چھوڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ تو براہ کرم نیچے دیے گئے نکات پر عمل کریں تاکہ آپ محفوظ رہ سکیں!

### .01 باخبر رہیں

ہجرت کا فیصلہ کرنے سے پہلے مطلوبہ ملک (جہاں آپ جانا چاہتے ہیں) کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں اس ملک میں رہائش اور کام کرنے کے حالات کے ساتھ ساتھ اگر آپ کو پہلے سے ملازمت کی پیشکش ہے تو آپ کا کام کیا ہوگا، اور کون سے لوگ آپ کے ساتھ جائیں گے۔ اپنے با اعتماد دوستوں اور خاندان، مقامی حکام، این جی اوز اور مائیگرنٹ ریسورس سینٹر سے بات کریں۔

### .02 قانونی طور پر ہجرت کریں

بغیر ویزا اور دیگر قانونی دستاویزات کے سفر کرنا ایک برا فیصلہ ہے۔ صرف اسی صورت میں ہجرت کریں جب آپ کے پاس اس سفر کے لئے تمام ضروری دستاویزات بشمول ویزا اور ورک پرمٹ موجود ہوں۔ غیر قانونی ہجرت آپ کو بہت سے خطرات میں ڈال سکتی ہے، جیسے بلا معاوضہ کام، جنسی یا جسمانی تشدد اور استحصال وغیرہ۔

## .03 اگر آپ کو بیرون ملک ملازمت کی پیشکش یا وعدہ کیا جائے تو بھرتی کرنے والے ادارے کو جانیں۔

ہر کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ بھرتی کی ایجنسی کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں جو آپ کو بیرون ملک کام تلاش کرنے میں مدد کر رہی ہے۔ ان کی ساکھ کیا ہے؟ کیا ان کے پاس اس کام کے لیےلائسنس ہے؟ کیا وہ آپ سے عمر کے بارے میں جھوٹ بولنے یا بغیر معاہدہ کے کام کرنے کا کہہ رہے ہیں؟

## .04 ازمت کی پیشکش قبول کرنے سے پہلے ایک معاہدہ کریں۔

معاہدے بہت اہم ہیں! بھرتی ایجنسی سے معاہدے پر دستخط کرنے کا مطالبہ کریں۔ جب آپ کو کام مل جائے، تو اپنےآجر کے ساتھ ایک معاہدہ کرنے کا مطالبہ کریں۔ معاہدے کے بغیر قانونی طور پر کام نہیں کر سکیں گے۔

## .05 اپنی دستاویزات کی حفاظت کریں۔

اپنی ذاتی دستاویزات کو محفوظ رکھیں۔ اپنے پاسپورٹ، ویزا، کام کا معاہدہ وغیرہ کی فوٹو کاپیاں بنائیں۔ اصل دستاویزات کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں اور فوٹو کاپیاں اپنے ساتھ رکھیں۔ اپنی دستاویزات دوسروں کو نہ دیں اور نہ ہی کسی اور کو رکھنے دیں۔

## .06 ہنگامی حالات کے لئے تیار رہیں۔

ہمیشہ اپنے ساتھ اہم ٹیلی فون نمبرز کی فہرست رکھیں، جس میں مقامی پولیس، ایمبولینس، فائر بریگیڈ، اپنے دوستوں اور خاندان کا نمبر، اپنے ملک کے سفارت خانے یا قونصلیٹ کا نمبر، مقامی این جی اوز، ٹریڈ یونینز، مہاجرین کی تنظیموں اور مائیگرنٹ ریسورس سینٹر کے نمبرز شامل ہوں۔

## .07 دوسرے لوگوں سے رابطے میں رہیں۔

اپنے دوستوں اور خاندان والوں سے باقاعدہ رابطہ رکھیں اورانہیں بتائیں کہ آپ خیریت سے ہیں اور محفوظ ہیں۔ دوسرے تارکین وطن سے دوستی کریں اور ان کے ساتھ میل جول بڑھائیں۔ اس طرح آپ ایک دوسرے کی مدد اور تعاون کر سکتے ہیں۔

## .08 اپنی حفاظت کریں۔

اگر آپ کو مسائل درپیش ہیں تو بااعتماد افراد سے بات کریں۔ مشورے اور تحفظ کے لئے مقامی این جی اوز یا حکام سے مدد حاصل کریں۔

# غیر قانونی ہجرت کے متعلق خطرات

غیر قانونی ہجرت سے مراد لوگوں کا بین الاقوامی سرحدوں کو بغیر مناسب دستاویزات، ویزا یا میزبان ملک کی اجازت کے عبور کرنا ہے۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے۔



### بغیر دستاویزات کے ہجرت

قانونی دستاویزات یا ویزا کے بغیر کسی ملک میں داخل ہونا۔



### انسانی اسمگلنگ

افراد یا گروہوں کو ادائیگی کر کے غیر قانونی بین الاقوامی سرحدیں عبور کروانا۔



### مدت سے زیادہ قیام

ویزا یا اجازت نامے کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی کسی ملک میں رہنا۔



### انسانی اسمگلنگ اور استحصال

جبری طور پر یا دھوکہ دہی سے لوگوں کو استحصال یا زیادتی کے لئے ہجرت پر مجبور کرنا۔



### جعلی دستاویزات

جعلی یا دھوکہ دہی پر مبنی دستاویزات کا استعمال کر کے ملک میں داخلہ یا رہائش حاصل کرنا۔



### جسمانی نقصان یا موت

سفر کے دوران افغان شہریوں کو خطرناک علاقوں، سخت موسمی حالات اور اسمگلروں کے ہاتھوں استحصال کا سامنا ہو سکتا ہے۔ جس میں جسمانی اعضاء کا نقصان یا موت بھی ہو سکتی ہے۔



### گرفتاری اور قید

غیر قانونی تارکین وطن کو نقل و حرکت کے دوران یا میزبان ملک میں گرفتار اور قید کیا جا سکتا ہے۔



### ملک بدری

افغان شہریوں کوافغانستان واپس بھیجا جا سکتا ہے، جہاں انہیں ظلم یا تشدد کا سامنا ہو سکتا ہے۔



## خاندان سے علیحدگی

غیر قانونی ہجرت خاندان سے علیحدگی کا باعث بن سکتی ہے، جو ذہنی پریشانی اور صدمے کا سبب بن سکتی ہے۔



## بنیادی حقوق تک رسائی کی کمی

غیر قانونی تارکین وطن کو صحت، تعلیم اور قانونی تحفظ جیسی سہولیات تک رسائی سے محروم کیا جا سکتا ہے۔



## محدود ملازمت کے مواقع

غیر قانونی تارکین وطن کو محدود ملازمت کے مواقع اوردوران ملازمت استحصال کا سامنا ہو سکتا ہے۔



## بدنامی اور معاشرتی علیحدگی

غیر قانونی تارکین وطن کو میزبان معاشروں میں معاشرتی علیحدگی، شرمندگی اور بدنامی کا سامنا ہو سکتا ہے۔



## اسمگلنگ اور استحصال

افغان شہری انسانی اسمگلنگ، جبری مشقت اور جنسی استحصال کا شکار ہو سکتے ہیں۔



## انتہا پسندی کا سامنا

بعض صورتوں میں، غیر قانونی تارکین وطن کو انتہا پسند گروہوں کے ذریعے بھرتی کیا جا سکتا ہے۔



## ذہنی صحت کے مسائل

غیر قانونی ہجرت کا صدمہ اور دباؤ ذہنی صحت کے مسائل، جیسے کہ ڈپریشن اور بے چینی کا باعث بن سکتے ہیں۔



## مزید معلومات کے لیے، براہ کرم نیچے دیے گئے نمبروں پر ہم سے رابطہ کریں۔


### مائیگرنٹ ریسورس سینٹر افغانستان

info@mrcafghanistan.af

ٹیلیگرام

+351 93 620 2066

www.mrcafghanistan.af

+351 93 620 2066

+98 79 959 9898

### مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان

info@mrc.org.pk

ہاٹ لائن

+92 304 1112123

www.mrc.org.pk

اسلام آباد +92 306 0191919

لاہور +92 300 0116671

پشاور +92 328 5473023



This informational material has been developed by the Migrant Resource Centre Pakistan. The European Commission does not accept any responsibility for use that may be made of the information it contains.



Funded by the European Union

Implemented by

Co-funded and implemented by Austria, Bulgaria, Finland, Germany and Greece

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Federal Ministry Republic of Austria Interior

Ministry for Foreign Affairs of Finland

Federal Office for Migration and Refugees

HELLENIC REPUBLIC Ministry of Migration & Asylum